آئس کریم، بیکری، سویٹس، چاکلیٹ، ٹافی، کینڈی مینوفیکچررز
ہمارے ہاں سکمڈ خشک دودھ یورپ سے درآمد شدہ اعلیٰ کوالٹی میں دستیاب ہے
مینوفیکچررز خود بھی درآمد کر سکتے ہیں۔
واحد نمائندہ پاکستان : DANA DAIRY GROUP SWITZERLAND
جرال اینڈ کمپنی پہلی منزل ہوٹل علی کانٹینینٹل ۔1 مزنگ روڈ، لاہور

CHAMBER CIRCULAR

This to inform our worthy members that Machinery Acquisition & Refurbishment Seminar & Exhibition (MARSE 2016) will be held in the month of October 2016. The theme of the seminar will be Technological innovation for Agriculture Development with the aim at promoting Agricultural mechanization in Nigeria.

Pakistan High Commission is of the view that in order to explore the Nigerian market for Pakistani agriculture machinery products, frequent participation in Nigerian exhibitions is essential.

The interested members may download the details of exhibition from

www.marseexhibition.com
www.leadunuqeltd.com.



100% SUCCESS!

IMMIGRATION TO EUROPE

EU Immigration Consultants based in Poland invite Pakistani Businessmen and Professionals to Business/Skilled-Employee Emigration Program of POLAND, LITHUANIA & LATVIA.

- We guarantee 100% success.
- Ready-made business companies available to start business in only 1 week.
- After submission of Application, immediate right to stay & work in Europe!
- Full processing of individual/family emigration to Europe in as less as 2 months!
- ONLY SCHENGEN VISA HOLDERS QUALIFY.

Contact: infolithuania@emigracija.pl, info@emigracijaeu.nazwa.pl, emigracija.eu@gmail.com, emigracija.pl@gmail.com.

Pre Budget Meeting at LCCI

Business Leaders from Ferozepur Road in a group photograph with LCCI President Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after Pre Budget discussion.

PYRAMID AUTOMATION
Sole Distributors in Pakistan Since 2003

DEEP SEA ELECTRONICS Plc.
Generator Control Systems
ONE STOP SOLUTION
NO BREAK (Bumpless) Load Transfer System Between Generator & Mains
Technology To Overcome Power BREAKS Due to Load Shedding
NO MORE !!!!!!! Jerk-Break-Tripping-Black Out-Waiting-Production Loss-Resets

DSE® COMPLEX SOLUTIONS MADE SIMPLE.
Since 1975

2 Years Warranty



GE Jenbacher
100% Control & Stability

Ideal for Restaurants, Hotels, Shopping Malls, Office Complex, Textile, Cement, Extrusion & Critical Process Industries.

Complete Solution up to 32
GAS & DEISEL GENERATORS
Parallel with MAINS / GRID

Synchronization & Load Share Systems for all Applications:
CAT Perkins JOHN DEERE Cummins MAN MAN Diesel & Turbo Waukesha

UK MADE UK DESIGN UK QUALITY

Turn Key Solutions & Engineering Services in Pakistan

8-A/2, Gulberg III Near Hussain Chowk Lahore. Ph: +92 42 35760910-2 Fax: +92 42 35754944
Email: info@pyramidautomation.com Web: www.pyramidautomation.com

LOOKING FOR JOB

Safdar Abbas

Chemical Engineer
Dera Ghazi Khan

Cell: 0331-6501102
Email:
safdarabbas650@gmail.com

STEP IN TO SOLAR REVOLUTION
send your electricity bills to us at info@efficientenergy.com.pk and we will plan the best solar solution for you. your little participation will bring the dramatic change in enviroment and reduce the rising temperature hazards. For more details
EEC 0423 5180527
03008220572,03008220497

Working Since 2011
HOME CONTROL
SOLAR CONTROL
Control your electricity bills by installing mimium solar on your roofs
We give your renewable energy much more value!
www.efficientenergy.com.pk

Pre Budget Meetings at LCCI

Business Leaders from Anarkali in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Business Leaders from Shah Alam Market in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Business Leaders from Urdu Bazar in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Pre Budget Meetings at LCCI

Business Leaders from Brandreth Road in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Business Leaders from Cottage Industry in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Business Leaders from Hall Road in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Pre Budget Meetings at LCCI

Business Leaders from Badami Bagh in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Business Leaders from Walled City in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

Business Leaders from Balal Gung in a group photograph with LCCI President
Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed after having Pre Budget discussion.

ڈبل ٹیکسیشن، ریفنڈ کلیمز کے مسائل حل ہونے چاہئیں

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ ڈبل ٹیکسیشن، ریفنڈ کلیمز کی ادائیگی میں تاخیر اور کاروباری امور میں ای او بی آئی، سوشل سکیورٹی اور ٹیکس وصولی کرنے والے اہلکاروں کی مداخلت جیسے مسائل حل نہ کیے گئے تو معاشی نشوونما کا حصول بہت مشکل ہو جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لبرٹی اور دیگر بڑی مارکیٹوں کے بڑے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وفد کی سربراہی عرفان اقبال شیخ کر رہے تھے، نائب صدر ناصر سعید نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ شیخ محمد ارشد نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو پر زور دیا کہ وہ ٹیکسوں کے دوہرے نظام کا خاتمہ کرے کیونکہ اس کی وجہ سے کاروباری شعبے کو بھاری رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی محکموں کو اپنے معاملات میں ہم آہنگی پیدا کر کے ٹیکسوں کے دوہرے نظام کا خاتمہ کرنا چاہیے، انہوں نے کہا کہ تاجروں کو سہولیات دیئے بغیر معاشی استحکام کا خواب پورا ہونا ممکن نہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے ریفنڈ زکلیمز کی جلد ادائیگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ مسئلہ بھی فوراً حل کیا جائے کیونکہ ریفنڈ ز میں بلاوجہ تاخیر کی وجہ سے تاجروں کو سرمائے کی کمی کا سامنا ہے جس کی وجہ سے اُن کے کاروبار مشکلات سے دوچار ہیں۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ جن کاروباری افراد کا بھاری سرمایہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ریفنڈ ز کی صورت میں پھنسا ہوا ہے ان کی پیداواری لاگت میں بھاری اضافہ ہو گیا ہے اور ان کے لیے کاروبار جاری رکھنا مشکل ترین ہوتا جا رہا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ریفنڈ ز میں تاخیر جیسے مسائل کی موجودگی میں کاروباری برادری اپنا کردار ادا نہیں کر سکتی لہٰذا ان کا یہ مسئلہ فوراً حل کیا جائے۔ انہوں نے کاروباری امور میں ای او بی آئی، سوشل سکیورٹی اور ایف بی آر کی کم سے کم مداخلت کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کاروباری ماحول کی بہتری اور تاجروں و سرکاری اداروں کے درمیان اعتماد سازی کے لیے یہ بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری امور میں ان محکموں کی مداخلت کم سے کم کرنے کا بہترین ذریعہ ون ونڈو آپریشن ہے جس سے معاملات بہت بہتر ہونگے۔ وفد کے سربراہ عرفان اقبال شیخ نے ٹیکسوں کے پیچیدہ نظام کو آسان بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسوں کا پیچیدہ نظام آسان اور کاروبار دوست بنا کر ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جا سکتی ہے جس سے تاجروں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ اجلاس میں یوسف خان، حافظ امیر علی اعوان، عمر چودھری، میاں زاہد جاوید، ناصر محمود، میاں محمد فرید، غلام مصطفیٰ، عبدالمجید، آس محمد، احسن انجم، طارق محبوب، کامران سلیم، سہیل سرفراز منج، ڈاکٹر مسعود عالم، اسمعیل خان، احسن محمود، محمد انور باجوہ، عاصم بشیر، رائے ظفر، رانا بشیر احمد، مختار علی، جاوید اقبال صدیقی، زاہد مقصود بٹ، عام جاوید، مسعود نظامی، عمران اقبال، فرحت مجید عادل، رشید رائے، رضوان شمسی اور رحمت اللہ جاوید بھی موجود تھے۔

Business Leaders from Liberty Market with LCCI President Sheikh Muhammad Arshad and Vice President Nasir Saeed at a Pre Budget discussion.

بینفٹ جیسے ادارے مزید مشکلات پیدا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس دہندگان کے ساتھ ایسا سلوک دیکھ کر مزید لوگ ٹیکس نیٹ میں آنے سے گریز کریں گے جس سے ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کی کوششوں کو شدید دھچکا لگے گا۔انہوں نے کہا کہ چھاپے مارنے یا بینک اکاؤنٹس تک رسائی جیسے معاملات پر تاجروں کو اعتماد میں لینے کی زحمت بھی گوارا نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے وہ شدید پریشان ہیں۔لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ سرکاری ادارے تاجروں کے عزت واحترام کا خیال رکھیں کیونکہ یہ ملکی معیشت کے لیے ریڑھ کی ہڈی ہیں۔انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری ملک کی معاشی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہتی ہے لیکن ضروری ہے کہ انہیں عزت دی اور ضروری سہولیات مہیا کی جائیں۔شیخ محمد ارشد نے کہا کہ جب تک بینک اکاؤنٹس تک رسائی اور مارکیٹوں میں بلاوجہ چھاپے مار کر تاجروں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند نہیں کیا جائے گا تب تک ملک کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ممکن نہیں ہوگا۔قبل ازیں تجارتی وفود کے سربراہان نے کہا کہ سرکاری ادارے تاجر برادری کو تختہ مشق نہ بنائیں اور موجودہ ٹیکس دہندگان کو نچوڑنے کے بجائے مزید لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لائیں۔ انہوں نے پالیسی ساز ایوانوں میں تاجر برادری کی موثر آواز بننے پر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو خراجِ تحسین پیش کیا۔غلام سرور ملک نے تجویز پیش کی کہ معاشی پالیسی پانچ سے دس سال کے لیے مرتب کی جائے تاکہ منصوبہ بندی کرنا ممکن ہوسکے۔

ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی شرح میں اضافے سے گریز کیا جائے: لاہور چیمبر

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ بجٹ دستاویز کو کاروبار دوست بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی شرح میں اضافے سے گریز کیا جائے، بینکوں سے لین دین پر عائد ودہولڈنگ ٹیکس واپس لیا جائے، سمگل شدہ مال کی چیکنگ کے نام پر مارکیٹوں کے باہر ناکے لگا کر تاجروں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے اور بینک اکاؤنٹس تک رسائی جیسے غیر منطقی اقدامات روک دیئے جائیں۔حکومتی پالیسیاں سمگلنگ کی حوصلہ افزائی کا سبب بن رہی ہیں، سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے انہیں از سرنو مرتب کیا جائے اور قانونی کاروبار کرنے والوں کا ساتھ دیا جائے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار بجٹ مشاورتی اجلاس میں تاجر رہنما بابر محمود کی سربراہی میں تاجروں کے بڑے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا، لاہور چیمبر کے نائب صدر ناصر سعید، سابق صدر محمد علی میاں اور ایگزیکٹو کمیٹی رکن میاں زاہد جاوید نے بھی مشاورتی اجلاس سے خطاب کیا۔شیخ محمد ارشد نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ہو یا پھر پنجاب ریونیو اتھارٹی، سب کا کردار تاجروں کے لیے سہولیاتی اداروں جیسا ہونا چاہیے لیکن بدقسمتی سے ایسا نہیں ہورہا اور تاجروں کی شکایات بڑھتی جارہی ہیں جو معیشت کے لیے اچھا شگون نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ سمگلنگ کی روک تھام کے نام پر جو اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اُن کی زد میں وہ تاجر آرہے ہیں جو قانونی کاروبار کرتے اور ٹیکسوں کی ادائیگی کے سلسلے میں اپنا قومی فریضہ بخوبی ادا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کرنے کے لیے ضروری ہے کہ وفاقی بجٹ میں ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں کی تعداد وشرح بڑھانے سے گریز کیا جائے۔لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر نے کہا کہ موجودہ تجارتی ومعاشی حالات کے پیش نظر وفاقی بجٹ بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے لہذا ضروری ہے کہ یہ تاجر برادری کی خواہشات کا عکاس ہو کیونکہ اسی نے آئندہ سال کے لیے معاشی گائیڈ لائنز مرتب کرنا ہیں۔انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر پہلے بھی حکومت پر زور دے چکا ہے کہ کاروباری امور میں سرکاری اداروں کی مداخلت کم سے کم ہونی چاہیے تاکہ تاجر ہراساں ہونے کے بجائے اطمینان سے کاروبار اور معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ انہو ں نے تاجروں کے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ جلد ہی اُن کی متعلقہ کسٹم حکام سے ملاقات کا اہتمام کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر ٹیکسوں کے پیچیدہ نظام اور دوہرے ٹیکس سمیت تاجروں کو درپیش ہر مسئلے کے حل کے لیے آواز بلند کرے گا۔انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر تاجر برادری کا نمائندہ غیر سیاسی ادارہ ہے اور یہ اُن کے حقوق کے لیے آواز بلند کرتا رہے گا۔لاہور چیمبر کے سابق صدر محمد علی میاں نے کہا کہ لاہور چیمبر تاجر برادری کی آواز موثر طریقے سے بلند کررہا ہے اور یہ نہ صرف ان کے مسائل حکام بالا تک پہنچا رہا ہے بلکہ ان کے حل کے لیے بھی ہر ممکن کوشش کررہا ہے۔تاجروں کے وفد کے سربراہ بابر محمود نے کہا کہ ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں کی شرح ہر جگہ یکساں ہونی چاہیے تاکہ برابری کی صورتحال قائم رہے، غیر متوازن ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں کی وجہ سے تاجروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔تاجروں نے حکومت پر زور دیا کہ سمارٹ فون کی درآمد کی راہ میں حائل بے جا رکاوٹیں بالخصوص پی ٹی اے سرٹیفکیشن ختم کی جائے۔ بعد ازاں میاں زاہد جاوید نے ووٹ آف تھینکس پیش کیا۔

کے لیے اپنی کنسائنمنٹس دوسرے صوبوں سے کلیئر کروانا شروع کر دیں گے جس کی وجہ سے نہ صرف کلیئرنگ ایجنٹس، ٹرانسپورٹیشن کمپنیاں اور اُن کے ہزاروں ملازمین بُری طرح متاثر ہونگے بلکہ پنجاب میں بھی معاشی سرگرمیاں کو شدید دھچکا لگے گا اور پنجاب کو کلیئرنس سے ملنے والا ریونیو دیگر صوبوں میں منتقل ہوجائے گا۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ ایک بالواسطہ ٹیکس ہے جو پنجاب میں آنے جانے والی تجارتی اشیاء بشمول خام مال پر عائد کیا گیا ہے جس کا نتیجہ معاشی نشوونما کو بھاری نقصان کی صورت میں برآمد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جب نامساعد حالات کے باوجود تاجر ملک کی ترقی کے لیے اپنا بہترین کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ان پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ لادنے کے بجائے سہولیات دی جائیں۔ شیخ محمد ارشد نے توقع ظاہر کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب اس معاملے میں ذاتی طور پر دلچسپی لیتے ہوئے انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس ایکٹ کو واپس لینے کے احکامات صادر کریں گے۔

صنعتوں کے لیے رعایتی ایس آر اوز ہرگز واپس نہ لیے جائیں

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے حکومت پر زور دیا ہے کہ صنعت وتجارت کے لیے رعایتی ایس آر اوز ہرگز واپس نہ لے وگرنہ اس سے کاروباری حالات بہت خراب ہوجائیں گے۔ یہ کاروباری شعبے کے لیے مسائل پیدا کرنے کا نہیں بلکہ سنبھالا دینے کا وقت ہے۔ وقار احمد میاں کی سربراہی میں مختلف مارکیٹوں کے نمائندوں پر مشتمل وفد سے خطاب کرتے ہوئے لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق حکومت وفاقی بجٹ کے موقع پر کسٹمز ڈیوٹی، سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے متعلق 130 ارب روپے حجم کے ایس آر اوز واپس لینے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے جو کاروباری شعبے کے لیے کوئی اچھی خبر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ رعایتی ایس آر او واپس لینے سے نہ صرف بالآخر معیشت کو نقصان ہوگا بلکہ کاروباری شعبے کی پیداواری لاگت بڑھ جائے گی، اس وقت جب کاروباری شعبہ ریفنڈ کلیمز میں تاخیر اور دیگر بہت سے مسائل کی وجہ سے پریشان ہے، رعایتی ایس آر اوز کی واپسی زہر قاتل ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ بجٹ دستاویز مرتب کی جاچکی ہے لیکن ابھی بھی کاروباری برادری کی تجاویز کے لیے بہت گنجائش ہے کیونکہ بجٹ کا اعلان ہونے کے بعد یہ بجٹ اور منظوری کے لیے قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے وفد کو آگاہ کیا کہ لاہور چیمبر نے پالیسی کاریڈورز کو بینک اکاؤنٹس تک ایف بی آر حکام کی رسائی، ودہولڈنگ ٹیکس اور چھاپوں کے معاملے پر کاروباری برادری کے تحفظات سے آگاہ کیا اور مشاورت سے مرتب کی گئی تجاویز بھجوائی ہیں۔ انہوں نے کہا لاہور چیمبر نے ایف بی آر پر زور دیا ہے کہ تاجروں کے بینک اکاؤنٹس تک رسائی جیسے اقدامات سے گریز کرے اور عرصہ دراز سے زیرالتوا انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے ریفنڈ کلیمز جلد از جلد ادا کرے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور چیمبر نے تاجر برادری پر دوہرے ٹیکسوں کے بوجھ، سمگلنگ اور پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس جیسے معاملات بھی بھرپور طریقے سے اٹھائے ہیں۔ پنجاب حکومت پر زور دیا گیا ہے کہ وہ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس فوراً واپس لے جس نے تاجروں کو اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے۔ اگر یہ سیس واپس نہ ہوا تو پنجاب سے کاروباری سرگرمیوں کا ایک بڑا حصہ دیگر صوبوں میں منتقل ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے وفد کو لاہور چیمبر کی دیگر بجٹ تجاویز کے بارے میں بھی تفصیل سے آگاہ کیا۔ وفد کے سربراہ وقار احمد میاں نے حکام بالا کی توجہ مارکیٹوں کی طرف مبذول کراتے ہوئے کہا کہ تاجروں کو کم از کم بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے وفاقی بجٹ میں صحت وتعلیم کے شعبوں پر بھی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر خواجہ عامر، ہارون اروڑہ، صفدر بٹ، عبدالرزاق، محمد انور بوبی، خلیل عبیر، حافظ رضوان بٹ، وقاص بٹ، میاں سعید، میاں وسیم، شاہد، محمد نادر و دیگر موجود تھے۔

مارکیٹوں میں انکم ٹیکس اور انٹیلی جنس اہلکاروں کے چھاپے اور بینک اکاؤنٹس تک رسائی فوراً بند کیے جائیں

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ اگر مارکیٹوں میں ٹیکس اور انٹیلی جنس حکام کے چھاپوں اور بینک اکاؤنٹس تک رسائی جیسے اقدامات فوری طور پر نہ روکے گئے تو کاروباری ماحول مزید بُری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ ایسے میں جب تاجروں کی بینکوں میں رقوم اور مارکیٹوں میں ٹیکس اہلکاروں کے ہاتھوں عزت محفوظ نہیں، وہ ذہنی سکون سے کاروبار کر کے ملک کی معاشی ترقی میں کردار ادا نہیں کر سکتے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار غلام سرور ملک کی قیادت میں کاٹیج انڈسٹری اور ایم طاہر نوید کی سربراہی میں والڈ سٹی ٹریڈرز کے بڑے تجارتی وفود سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تاجروں نے لاہور چیمبر کے صدر کو غیر موافق کاروباری صورتحال اور ایف بی آر حکام کی جانب سے صوابدیدی اختیارات کے استعمال کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ کاروباری برادری کو معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت کی مدد چاہیے لیکن ایف بی آر، لیبر ڈیپارٹمنٹ اور ایمپلائز اولڈ ایج

تاجروں کی مشاورت سے طے کرے۔ وفد کے اراکین نے ایف بی آر پر زور دیا کہ ایک مرتبہ جس کا ٹوٹل آڈٹ ہوجائے اسے تین سے پانچ سال تک آڈٹ سے چھوٹ دی جائے اور پراپرٹی ٹیکس سمیت تاجروں کو درپیش دیگر مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، صنعت سازی کو فروغ دینے کے لیے مشینری کی درآمد پر ڈیوٹیاں اور ٹیکس ختم کیے جائیں۔ لاہور چیمبر کے نائب صدر نے ووٹ آف تھینکس ادا کرتے ہوئے تاجروں کو لاہور چیمبر کے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وفد کے اراکین میں محبوب سرکی، چودھری خادم حسین، محمد ادریس، عامر سعید، سعید شیخ، حاجی رمضان، تنویر مگوں میاں وقار، حاجی خالد، عمران یونس، نصیر خان اور طاہر محمود مفتی نمایاں تھے۔

بیوروکریسی ریونیو ٹارگٹ پورے کرنے کے لیے آسان اہداف تلاش نہ کرے

لاہور چیمبر کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ بیوروکریسی ریونیو ٹارگٹ پورے کرنے کے لیے آسان اہداف تلاش کرنے اور موجودہ ٹیکس دہندگان کو بار بار نچوڑنے کے بجائے انہیں سہولیات دے اور انہیں بینک اکاؤنٹ سیز کرنے، بلاوجہ چھاپوں اور نوٹس بھجوانے جیسے مسائل سے نجات دلائے تاکہ مزید لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں آنے کی ترغیب دی جاسکے اور سیلز ٹیکس کو سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیوں کو سہارا دیا جاسکے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار چودھری واجد علی اور خواجہ عامر کی سربراہی میں شاہ عالم مارکیٹ کے بڑے تجارتی وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لاہور چیمبر کے نائب صدر ناصر سعید نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ تاجر معاشی ترقی میں حصہ ڈالنا چاہتے ہیں لیکن ضروری ہے کہ انہیں بار بار نہ نچوڑا جائے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے لیے 3600 ارب روپے سے زائد کا ریونیو ٹارگٹ اُسی صورت میں پورا کرنا ممکن ہے جب حکومت موجودہ ٹیکس دہندگان کے مسائل حل کرے اور مزید لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں آنے کی ترغیب دے، خسارہ پورا کرنے کے لیے قرض لینا کسی طرح بھی ملک کے مفاد میں نہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ سیلز ٹیکس کی موجودہ شرح بہت زیادہ ہے جسے سنگل ڈیجٹ پر لایا جائے۔ انہوں نے وفد کو بتایا کہ لاہور چیمبر نے ملک کے دیگر چیمبرز کی مشاورت سے بجٹ تجاویز مرتب کرکے حکومت کو بھجوائی ہیں جن میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ تاجروں کے انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس، کسٹم ڈیوٹی، فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی سمیت دیگر مسائل فوری طور پر حل کرے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے ٹیکس نظام میں ہم آہنگی نہ ہونے اور اٹھارہویں ترمیم کے بعد پنجاب ریونیو اتھارٹی جیسے اداروں کے قیام کی وجہ سے ڈبل ٹیکسیشن جیسے مسائل اور پیچیدگیاں پیدا ہوئیں جنہیں دور کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریفنڈ کے سلسلے میں 250 ارب روپے پھنسے ہوئے ہیں جن کی وجہ سے انہیں مالیاتی بحران کا سامنا ہے، حکومت یہ ریفنڈ جلد از جلد ادا کرے، متبادل کے طور پر انہیں فوراً بینکنگ بانڈز جاری کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس کے نفاذ سے تاجروں کی مشکلات بہت زیادہ ہوجائیں گی لہٰذا یہ فیصلہ واپس لیا جائے۔ شیخ محمد ارشد نے صنعتی خام مال کی درآمد پر ڈیوٹی صفر کرنے، سمگلنگ کی سختی سے روک تھام اور تاجروں کے ویلیوایشن سے متعلق مسائل حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وفد کے اراکین خواجہ عامر اور چودھری واجد نے کہا کہ ویلیوایشن کے مسئلے نے تاجروں کو ویلیوایشن کے مسئلہ نے تنگ کر رکھا ہے جسے فوراً حل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نئے ٹیکس لگانے سے قبل موجودہ سسٹم درست کیا جائے، اگر کاروباری حالات بہتر کیے بغیر نئے ٹیکس لگا دیئے گئے تو حالات مزید خراب ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تاجروں کو سٹیک ہولڈر سمجھے اور ان کے مسائل حل کرے۔ شاہ عالم مارکیٹ کے وفد میں چودھری واجد، خواجہ عامر، ہارون اروڑہ، مبشر شیخ، ملک منیر، میاں وقار، خالد بٹ، حاجی فرخ اقبال، چودھری شہزاد و دیگر شامل تھے۔

پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس فوراً واپس لیا جائے

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے پنجاب حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس فوری طور پر واپس لے کیونکہ ٹیکس وصول کرنے والی مشینری کی چیرہ دستیوں اور ودہولڈنگ ٹیکس جیسے معاملات سے پریشان تاجر مزید کوئی بوجھ اٹھانے کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس امتیازی ہے اور اس سے پنجاب کے تاجروں پر مزید بوجھ پڑے گا جو پہلے ہی ٹیکس وصول کرنے والی مشینری کے غیر دوستانہ رویے، ٹیکسوں کے پیچیدہ نظام، دوہرے ٹیکسیشن اور ایسے دیگر مسائل کی وجہ سے پریشان ہیں جبکہ کلیئرنس کا عمل دوسرے صوبوں کو منتقل ہوجائے گا۔ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس تاجروں کی مایوسی بڑھائے گا اور پنجاب میں کاروباری سرگرمیوں کو بُری طرح متاثر کرے گا۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ اگرچہ یہ ٹیکس لگانے کی توجیہ، پنجاب میں تجارتی اشیاء لانے لیجانے والی ٹریفک کے لیے انفراسٹرکچر بہتر کرنا، پیش کی جارہی ہے لیکن زمینی حقائق اس کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سیس کے نفاذ کے بعد تاجر اس اضافی ٹیکس اور کاروباری لاگت میں اضافے سے بچنے

معاشی ترقی کے لیے تجارت میں عدم توازن جیسے بڑے مسائل پر قابو پانا ضروری ہے

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ تیز رفتار معاشی ترقی کے لیے ہمیں تجارت میں عدم توازن جیسے مسائل پر قابو پانا ہوگا۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ اگرچہ ماضی کی نسبت آج معاشی صورتحال بہتر ہے لیکن معاشی استحکام کا خواب پورا کرنے کے لیے ابھی مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر ترقی پذیر ممالک کے لیے تیل کی قیمتوں میں کمی سمیت کئی اہم پیش رفت ہوئیں لیکن اس سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھایا جاسکا اور ابھی بھی ملک کو بھاری تجارتی خسارے کا چیلنج درپیش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چین، بھارت، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور ملائشیا کے ساتھ تجارت میں خسارے کا سامنا کررہا ہے جبکہ امریکہ، برطانیہ، افغانستان اور جرمنی جیسے چند ممالک کے ساتھ تجارت سرپلس ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی خسارہ کسی بھی ملک کی معیشت کو دباؤ میں لانے اور قرضوں لینے پر مجبور کرتا ہے لہذا ہمیں اس سے جتنا جلد ہو جان چھڑانا ہوگی۔

لاہور چیمبر کے صدر نے تجارتی خسارے پر قابو پانے کے لیے برآمدات بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو چند ممالک اور چند مصنوعات پر سے انحصار چھوڑ کر نئی منڈیاں تلاش کرنا اور تجارت کے لیے نئی مصنوعات متعارف کرانا ہونگی۔ انہوں نے برآمدات کنندگان پر زور دیا کہ وہ وسطی ایشیاء اور افریقہ میں نئی منڈیوں کی تلاش کرے جہاں پاکستانی مصنوعات باآسانی اپنی جگہ بنا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وسطی ایشیائی ریاستوں کی مجموعی درآمدات کا حجم 65 ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے جن میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جارحانہ مارکیٹنگ اور اُن ریاستوں کی ضروریات کے مطابق مصنوعات متعارف کروا کر پاکستان کی تجارت کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ وسطی ایشیائی ریاستوں سمیت زیادہ سے زیادہ ممالک کے ساتھ فری ٹریڈ ایگریمنٹ کرے جس سے تجارت بڑھانے میں مدد ملے گی۔

ایف بی آر اور ٹیکس وصول کرنے والے دیگر ادارے تاجروں کے متعلق اپنے رویے میں مثبت تبدیلی لائیں

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ تاجروں کے بینک اکاؤنٹس تک رسائی جیسے اقدامات خوف و ہراس کی وجہ اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں مزاحم ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور دیگر سرکاری مشینری تاجروں کے متعلق اپنے رویے میں مثبت تبدیلی لائیں کیونکہ اس کے بغیر نئے ٹیکس دہندگان کو ترغیب دینا ممکن نہیں، ماربل اور گرینائٹ کو لگژری آئٹمز میں شمار نہ کیا جائے اور اسے ریگولیٹری ڈیوٹی سے چھوٹ دی جائے تاکہ یہ صنعت فروغ پاسکے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار تاجر رہنما محبوب سرکی کی قیادت میں فیروز پور روڈ کی 48 سے زائد مارکیٹوں کے نمائندوں پر مشتمل ایک بڑے وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لاہور چیمبر کے نائب صدر ناصر سعید، چودھری خادم حسین اور تاجر رہنماؤں نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ اس سال ریونیو ٹارگٹ مزید بڑھایا جارہا ہے، اس کا حصول تب تک ممکن نہیں ہوگا جب تک ایف بی آر اور سرکاری مشینری تاجروں کو عزت و احترام دیکر مزید لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں آنے کی ترغیب نہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس دہندگان کا حال دیکھ کر مزید لوگ ٹیکس نیٹ میں آنے سے گریزاں ہیں جس کی وجہ سے اتنی بڑی آبادی میں ٹیکس دہندگان کی تعداد اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بہت کم ہے۔ نئے ٹیکس دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے خوف و ہراس پھیلانے والے اقدامات ختم کرنا ہونگے۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو، پنجاب ریونیو اتھارٹی اور سندھ ریونیو بورڈ وغیرہ میں روابط کے فقدان کی وجہ سے بہت سے مسائل پیدا ہورہے ہیں لہذا اس جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وصوبائی ٹیکس رجیم میں ہم آہنگی لاکر دہرے ٹیکسوں سے بچاؤ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماربل انڈسٹری کو ترقی دینے کے لیے اسے لگژری آئٹمز کی لسٹ سے خارج کیا جائے اور ریگولیٹری ڈیوٹی سے نجات دی جائے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے ٹیکس سلیب کو متوازن کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں میں اضافے کی وجہ سے سمگلنگ بڑھی ہے لہذا حکومت اُن اشیاء پر ڈیوٹیاں اور ٹیکس کم کرے جو سمگلنگ کے لیے کشش رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی صنعتوں میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے کے لیے پیداواری لاگت میں کمی لانا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی فیصلوں میں عالمی مالیاتی اداروں کی مداخلت نہیں ہونی چاہیے، وفاقی بجٹ میں جبری ٹیکس نہ لگائے جائیں اور وفاقی وصوبائی ٹیکس نظام میں ہم آہنگی لاکر تاجروں کو دوہرے ٹیکس کے مسئلے سے نجات دلائی جائے۔ وفد کے سربراہ محبوب سرکی نے تاجروں سے مشاورت کرنے پر لاہور چیمبر کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروباری حالات بہتر کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے وگرنہ سرمایہ منتقلی کا رجحان بڑھے گا۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ تجارتی معاملات

لاہور چیمبر تاجر برادری کے شانہ بشانہ کھڑا ہے

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر تاجر برادری کے ساتھ کھڑا ہے اور اسے درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوششیں کر رہا ہے، حکومت وفاقی بجٹ میں نئے ٹیکس لگانے سے گریز کرے اور ودہولڈنگ ٹیکس پر تاجروں کے تحفظات دور کر کے انہیں معاشی ترقی میں کردار ادا کرنے کا موقع مہیا کرے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار تاجر رہنما خالد پرویز کی سربراہی میں مختلف مارکیٹوں کے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لاہور چیمبر کے نائب صدر ناصر سعید اور سابق صدر محمد علی میاں نے بھی اس موقع پر خطاب کیا جبکہ وفد کے اراکین میں عبدالرزاق ببر، مجاہد مقصود بٹ، میاں وقار، بابر علی، غلام سرور ملک، شاہد بلال و دیگر شامل تھے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ معاشی ترقی میں سب سے اہم کردار تاجروں کا ہے لہذا ان کے ودہولڈنگ ٹیکس، پیچیدہ ٹیکسیشن سسٹم، ٹیکسوں کے دوہرے نظام، کاروباری معاملات میں سرکاری اداروں کی بے جا مداخلت اور ایف بی آر اہلکاروں کے صوابدیدی اختیارات کے غلط استعمال سمیت تمام مسائل فوراً حل کیے جائیں۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ معیشت کی حالت درست کرنے کے لیے اندرونی اور بیرونی قرضوں سے جان چھڑانا ہوگی کیونکہ وسائل کا ایک بڑا حصہ ان قرضوں کے سود کی ادائیگی پر خرچ ہو جاتا ہے۔ وفاقی بجٹ میں حکومت ایسے اقدامات سے بالکل گریز کرے جن سے تاجر برادری اور معیشت کو نقصان ہو۔ انہوں نے التوا میں پڑے ریفنڈ کلیمز کی فوری ادائیگی اور اس سلسلے میں بینکنگ بانڈز کے اجراء، وفاقی و صوبائی ٹیکسوں میں ہم آہنگی کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس آڈٹ کے لیے کیسوں کے چناؤ کے لیے متعلقہ کمشنرز صوابدیدی اختیارات استعمال کرنے کے بجائے ایف بی آر قرعہ اندازی کرے۔ انہوں نے وفاقی و صوبائی سیلز ٹیکس حکام پر زور دیا کہ وہ بااختیار نیشنل ٹیکس کمیشن کے قیام پر اتفاق کریں تاکہ سروسز سے متعلق سیلز ٹیکس قوانین میں ہم آہنگی لائی جا سکے۔ انہوں نے ٹیکس دہندگان کے اعتماد کی بحالی کے لیے ایک موثر ٹیکس عدالت کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے حکومت پر مزید زور دیا کہ تمام انڈسٹریل خام مال کی درآمد پر ڈیوٹی زیرو فیصد کرے۔ خالد پرویز نے حکومت پر زور دیا کہ وہ ودہولڈنگ ٹیکس کا خاتمہ کرے کیونکہ اس وجہ سے صرف تاجر ہی بددل نہیں ہوئے بلکہ بینکنگ سیکٹر کو بھی بھاری نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں نئے ٹیکسوں کا بوجھ نہ ڈالا جائے اور توانائی بحران جلد حل کیا جائے جس کی وجہ سے ٹریڈ اینڈ انڈسٹری متاثر ہو رہی ہے۔ عبدالرزاق ببر، مجاہد مقصود بٹ اور شاہد بلال نے ودہولڈنگ ٹیکس کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیا۔ سابق صدر محمد علی میاں نے کاروباری معاملات پر تاجروں کے اصولی موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ لاہور چیمبر تاجر برادری کی تجاویز انتہائی موثر طریقے سے پالیسی سازوں تک پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور معاشی ترقی میں ان کا کردار بہت اہم ہے۔ لاہور چیمبر کے نائب صدر ناصر سعید وفد کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے اختتامی کلمات کہے۔

ایف بی آر تاجروں کو غیر ضروری نوٹس بھجوا کر ہراساں کرنے کا سلسلہ بند کرے

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو پر زور دیا ہے کہ وہ تاجروں کو غیر ضروری نوٹس بھجوا کر ہراساں کرنے کا سلسلہ روکے کیونکہ اس سے کاروباری ماحول خراب اور تاجر بددل ہو رہے ہیں۔ اگر یہ سلسلہ فوری طور پر نہ رکا تو کاروبار بند، بے روزگاری میں اضافہ اور حکومتی محاصل میں کمی ہوگی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لاہور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر الماس حیدر اور نائب صدر ناصر سعید نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔ شیخ محمد ارشد نے کہا کہ اس وقت جب تاجر برادری کو ریلیف کی ضرورت ہے، ایف بی آر کی جانب سے نوٹس بھجوانا مسائل میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی شعبہ ملک کی معاشی ترقی میں کردار ادا کرنا چاہتا ہے جس کے لیے ضروری ہے کہ اسے کاروبار کے لیے موزوں ماحول مہیا کیا جائے، وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو صورتحال کا نوٹس لینا اور ایف بی آر کو کاروباری شعبے کے مفادات سے منافی اقدامات سے روکنا چاہیے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر نے مزید کہا کہ حکومت کو سمگلنگ کی روک تھام، ٹیکسوں کے دوہرے نظام کے خاتمے، وفاقی اور صوبائی ٹیکس نظام میں ہم آہنگی لانے اور ٹیکسوں کے پیچیدہ نظام کو آسان بنانے کے لیے بھی اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا سمگلنگ کا مسئلہ دن بدن گھمبیر ہوتا جا رہا ہے اور اس کی وجہ سے مقامی صنعتوں و قومی خزانے کو سالانہ اربوں ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس غیر قانونی تجارت کو روکنے کے لیے حکومت اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بارڈرز پر ہی سمگلنگ کو روکے۔ انہوں نے کہا کہ انٹیلی جنس کے اہلکار مارکیٹوں کے باہر ناکے لگا کر آنے جانے والے مال کو چیک اور تاجروں کو ہراساں کرتے ہیں، یہ غیر منطقی طریقہ ہے جس سے سمگلنگ کی روک تھام میں کوئی مدد نہیں ملے گی۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ تاجر برادری کو وفاقی بجٹ 17-2016ء سے بھاری توقعات ہیں لہذا حکومت اس میں سمگلنگ، ٹیکسوں کے پریشان کر دینے والے نظام، دوہرے ٹیکسوں کے خاتمے اور صنعتوں کے خام مال پر درآمدی ڈیوٹی کے خاتمے سمیت دیگر اقدامات اٹھائے۔

پائیدار معاشی ترقی کے لیے مقامی صنعتوں کو تحفظ دینا ہوگا: لاہور چیمبر

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد، سینئر نائب صدر الماس حیدر اور نائب صدر ناصر سعید نے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ اُن اشیاء اور خام مال کی درآمد محدود کرے جو ملک میں تیار/ پیدا ہو رہی ہیں۔ ایک بیان میں لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ مقامی صنعت نہ صرف حکومت کے لیے محاصل کا بڑا ذریعہ ہے بلکہ لاکھوں افراد کا روزگار اس سے وابستہ ہے لہذا اسے ہر صورت تحفظ فراہم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مقامی صنعت کی حوصلہ افزائی کے لیے ضروری ہے کہ اُن تمام اشیاء اور خام مال کی درآمد کی حوصلہ شکنی کی جائے وہ مقامی سطح پر پیدا ہو رہی ہیں۔ انہوں نے حکومت پر مزید زور دیا مقامی صنعتوں کو تباہی سے بچانے کے لیے سمگلنگ کو بھی آہنی ہاتھوں سے روکا جائے جس سے حکومت کو بھی اربوں ڈالر کے نقصان کا سامنا ہے۔ لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے کہا کہ ہمسایہ ممالک سے سمگل شدہ اشیاء ایک سیلاب کی طرح بلا روک ٹوک آ رہی ہیں، چونکہ ان پر کوئی ڈیوٹی یا ٹیکس ادا نہیں کیا جاتا جس کی وجہ سے حکومت کو بہت بھاری نقصان ہو رہا ہے، سستی ہونے کی وجہ سے صارفین انہیں مقامی اشیاء پر ترجیح دیتے ہیں جس کی وجہ سے مقامی صنعتیں بھی تباہ ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کی مارکیٹیں سمگل شدہ اشیاء سے بھری پڑی ہیں جس کی وجہ سے مقامی صنعتیں اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہیں اگر یہی صورتحال رہی تو صنعتیں تیزی سے بند اور لوگ بے روزگار ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے سمگلنگ کی روک تھام کے لیے فوری اور سخت اقدامات نہ اٹھائے تو صورتحال مزید خراب ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں کی زیادہ شرح سمگلنگ کی حوصلہ افزائی کا باعث بن رہی ہے لہذا حکومت اُن اشیاء پر ڈیوٹیاں اور ٹیکس کم کرے جو سمگلنگ کے لیے کشش رکھتی ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کا بھی از سر نو جائزہ لے کیونکہ یہ سمگلنگ کا ایک بڑا ذریعہ بن کر پاکستانی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ بارڈرز پر جدید سکینرز نصب کرے تاکہ غیر ملکی مصنوعات سمگل ہو کر ملک میں نہ آ سکیں اور چیک پوائنٹس پر ایماندار اور باصلاحیت افسران تعینات کیے جائیں۔ سمگل شدہ مال فروخت کرنے والوں کی حوصلہ شکنی بھی ضروری ہے کیونکہ یہ ملکی معیشت کو بھاری نقصان پہنچا رہے ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ سمگلروں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنا اور انہیں سخت سزا دینا بہت ضروری ہے کیونکہ یہ اپنے ذاتی فائدے کے لیے قومی مفادات کو داؤ پر لگا رہے ہیں۔

معاشی استحکام کے جلد حصول کے لیے کاروباری ماحول بہتر، ٹیکس دہندگان پر سے بوجھ کم کیا جائے

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ محمد ارشد نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کے جلد حصول اور کاروباری ماحول بہتر بنانے کے لیے تجارتی و کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر قابو، ٹیکس وصول کرنے والی مشینری کے صوابدیدی اختیارات، ٹیکس بیس کی مضبوطی، بینکوں سے لین دین پر ودہولڈنگ ٹیکس کی واپسی اور ٹیکس دہندگان پر سے بوجھ کم کرنے جیسے اقدامات اٹھانا بہت ضروری ہیں۔ وہ لاہور چیمبر میں مختلف مارکیٹوں کے نمائندوں پر مشتمل ایک بڑے وفد سے خطاب کر رہے تھے، وفد کی سربراہی اشرف بھٹی کر رہے تھے جبکہ نائب صدر ناصر سعید، ظہیر بابر، نعیم بادشاہ، ارشد خان، ارشد اقبال، میاں سلیم، میاں طارق، وقار احمد میاں اور سابق نائب صدر ابوذر شاد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے شرکاء کو آگاہ کیا کہ وزیراعظم کے مشیر برائے ریونیو ہارون اختر کے مطابق متعلقہ ادارے لاہور چیمبر کی بجٹ تجاویز پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری کی مشاورت سے مزید بجٹ تجاویز حکومت کو بھجوائی جا رہی ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ بھاری تجارتی و کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کسی طرح اچھا شگون نہیں لہذا ان پر قابو پانے کے لیے ہمیں بہترین قابل عمل تجاویز پیش کرنی چاہئیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے وفد کے اراکین سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکس وصول کرنے والی مشینری کے صوابدیدی اختیارات کم ہونے چاہئیں کیونکہ کاروباری معاملات میں بلاوجہ مداخلت سے کاروباری ماحول خراب ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کلچر کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہے کہ اصلاحات متعارف کرائی اور موجودہ ٹیکس دہندگان پر سے بوجھ کم کیا جائے۔ شیخ محمد ارشد نے حکومت پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر بینکوں سے لین دین پر عائد ودہولڈنگ ٹیکس واپس لے جس سے کاروباری سرگرمیاں بڑھیں گی اور تاجر برادری کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے دوہرے ٹیکس کے نظام کے خاتمے اور سمگلنگ پر قابو پانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان مسائل کی وجہ سے کاروباری سرگرمیاں بہت بُری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔ وفد کے سربراہ اشرف بھٹی نے کہا کہ موجودہ ٹیکس دہندگان پر سے بوجھ کم کرنے کے لیے مزید لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے جو قابل ٹیکس آمدن کے باوجود ٹیکس نہیں دیتے۔ وفد کے ایک رکن نے تجویز پیش کی کہ لنڈا بازار کے سامان پر ویلیوایشن انوائس ویلیو کے مطابق کی جائے تاکہ وہاں کے تاجروں کو سکھ کا سانس نصیب ہو۔

ہزاروں خواہشیں ایسی
کہ ہر خواہش پہ دم نکلے

شیخ محمد ارشد صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

مالی سال 17-2016ء کے لیے وفاقی اور پنجاب بجٹ پیش کر دیئے گئے ہیں۔ وفاقی بجٹ میں جہاں چند اچھے اقدامات اٹھائے گئے ہیں وہاں کچھ اعلانات پر تاجر برادری تحفظات رکھتی ہے اور اپنے کچھ اہم مطالبات پورے نہ ہونے پر مایوسی کا شکار ہے۔ وفاقی بجٹ کا محور زرعی شعبے کو رکھا گیا ہے جو اچھی بات ہے کیونکہ زرعی شعبہ مشکلات سے دوچار اور ریلیف کا متقاضی ہے۔ اسی طرح پانچ بڑے سیکٹرز کو زیرو ریٹڈ قرار دینا اچھا قدم ہے کیونکہ اس سے برآمدات پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریفنڈ کلیمز ادا کرنے کا اعلان کیا گیا ہے جس سے یقیناً برآمدی شعبے کی مشکلات میں کمی آئے گی جبکہ ڈیری اور لائیوسٹاک سیکٹرز کو سہولیات دینے کے بھی دور رس نتائج برآمد ہونگے۔ تشویشناک بات یہ ہے کہ تاجروں کے بینک اکاؤنٹس تک رسائی اور بینکوں سے لین دین پر ودہولڈنگ ٹیکس کے خاتمے کے لیے کوئی اعلان نہیں کیا گیا حالانکہ لاہور چیمبر کا سب سے زیادہ زور اسی بات پر تھا کہ یہ معاملات حل کیے جائیں کیونکہ ان کی وجہ سے تاجر پریشان ہیں۔ اگر حکومت یہ مسائل فوری طور پر حل نہیں کرتی تو رواں مالی سال کے لیے مقررہ محاصل کا انتہائی بھاری ہدف حاصل ہونا ممکن نہیں ہوگا۔ اسی طرح ٹیکس دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے ٹیکس اہلکاروں کے صوابدیدی اختیارات میں کمی، مارکیٹوں میں چھاپے روکنے اور سمگل شدہ مال کی چیکنگ کے نام پر مارکیٹوں کے باہر ناکے لگا کر تاجروں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بھی بند ہونا چاہیے۔ سمگلنگ کی روک تھام کے لیے سرحدوں پر بہترین مانیٹرنگ نظام وضع کیا جائے تاکہ اشیائے تجارت غیر قانونی ذرائع سے ملک میں آ ہی نہ سکیں۔ بجلی کے بلوں پر سیلز ٹیکس میں اضافہ بھی تشویشناک ہے کیونکہ اس سے صنعتوں کی پیداواری لاگت مزید بڑھے گی۔ برآمدات کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہے کہ حلال فوڈ، لائیوسٹاک اور انجینئرنگ کی صنعتوں کو بھی زیرو ریٹڈ سہولت دی جائے تاکہ برآمدات کو فروغ دیا جاسکے۔ یہ اشد ضروری ہے کہ تاجروں کے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس کے ریفنڈ کلیمز اعلان کردہ مدت کے اندر اندر ادا کر دیئے جائیں کیونکہ انہیں سرمائے کی قلت کا سامنا ہے۔ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے لیے ضروری ہے کہ موجودہ ٹیکس دہندگان کو نچوڑنے سے گریز کیا جائے اور انہیں سہولیات دی جائیں جنہیں دیکھ کر لوگ خود بخود ٹیکس نیٹ میں آئیں گے۔ جہاں تک پنجاب بجٹ 17-2016ء کا تعلق ہے تو اس میں زراعت، ترقیاتی منصوبوں، غربت کے خاتمے، تعلیم اور صحت کے لیے خاطر خواہ فنڈز مختص کرنا اچھے اقدامات ہیں لیکن دوسری طرف پنجاب ریونیو اتھارٹی کے اگلے سال کے لیے ٹارگٹ میں اضافہ کرنا تشویشناک ہے۔ کاروباری برادری مشکل حالات میں کاروبار کر رہی ہے، اسے ٹیکس وصول کرنے والی مشینری کی من مانیوں، ٹیکسوں کے پیچیدہ نظام اور دوہرے ٹیکسیشن سمیت بہت سے مسائل کا سامنا ہے، بہتر ہوتا کہ تاجروں کو درپیش یہ مسائل پہلے حل کیے جاتے۔ صوبائی بجٹ میں پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس واپس لینے کا اعلان نہیں کیا گیا حالانکہ کچھ عرصہ قبل عندیہ دیا گیا تھا کہ یہ سیس واپس لے لیا جائے گا۔ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس امتیازی ہے اور اس سے پنجاب کے تاجروں پر مزید بوجھ پڑے گا جو پہلے ہی بہت سے مسائل کی وجہ سے پریشان ہیں۔ اگر یہ سیس واپس نہ لیا گیا تو تاجر اپنی کنسائنمنٹس دوسرے صوبوں سے کلیئر کروا کر وہیں سے ملک کے مختلف حصوں میں ترسیل کر دیں گے جس سے پنجاب کی معیشت متاثر ہوگی لہذا پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس کا فوری خاتمہ ضروری ہے۔



PUE

PERVAIZ UMAR ENTERPRISE

Highly Experienced Clearing & Forwarding Agents Advisors and Attorneys in Customs Cases

We are a leading CLEARING, FORWARDING concern operating in Pakistan. We excel to the entire satisfaction of our long list of clientele who have always reposted their complete confidence on us. Imbued with this sense of achievement, we are proud of our countrywide clientele of repute. We are approved and enlisted Clearing and Forwarding Agents of all Commercial and National Banks in Pakistan.

We have vast experience of handling more than 65% imports of Heavy Plants, Machinery and Turn-Key Projects of "Textile, Sugar, Cement and Power Sectors" besides other industrial raw material and commercial consignments, which have enabled us to adopt and handle all sorts of imports and have become our permanent business associates.

Head Office, Karachi

1st Floor, Commerce Centre, Hasrat Mohani Road
TEL: 021-32630724 - 32633641 FAX: 021-32633646
EMAIL: pervaizumar@hotmail.com
headoffice@pervaizumarenterprise.com

Branch Office, Lahore

19-G, Gulberg II, Lahore.
Tel: 042-35764929 - 35764933
Fax: 042-35764934

GE Consumer & Industrial Power Protection

ACBs | Insulated Enclosures | MCCBs | Relays | ELCBs | MCBs | Magnetic Contactors

DANFOSS INDUSTRIAL CONTROL COMPONENTS

Magnetic Contactors Over Load Relay
High Preformance Soleniod Valve
Pressure Transmitter
Pressure Switch
Pressure Control

TENMARS

Analog + Digital Multi Meters
Analog + Digital Clamp Meters
Digital Insulation Testers
Digital Lux Hi Tester

SHERN DIAN

A.C Magnetic Starter Contactor
Manual Motor Starter
Thermal Overload Relays
With Phase Failure Protection

Temperature Controllers
Thermostates and
Micro Processors

Temperature Controllers and Thermostate

MAXTHERMO

Plugs & Sockets

YEEDA

RTR Energy

Power Factors
Relays &
Capacitors

AL-MADINA
Electric Corporation
Website: www.almadinaelectric.com

10&19, Nishter (BRANDRETH) Road, Lahore-54000, (Pakistan). Ph:(+92-42) 3764-1306
3764-1307, 3766-2197, Fax: (+92-42) 3763-4579 Email: almadina786@yahoo.com

Karachi Office: Room No. 203, 2nd Floor, Rehmani Chamber, Altaf Hussain Road, New Challi, Karachi. Ph (+92-21) 3262-6330

Your Support
can make a difference

Donate Generously to

LABARD

LABARD ZAKAT FUND

All donations can be deposited in A/C # 0110273319019 of any branch of Al-Baraka Bank (Pakistan) Limited.
or send your cheques in favour of "LABARD ZAKAT FUND" at

Lahore Businessmen Association for Rehabilitation of the Disabled
3rd Floor, LCCI Building, 11-Shara-e-Aiwan-e-Tijarat, Lahore Ph: 042-36314652,36312499, 36283005
Fax: 36282504 URL: www.labard.com.pk Email: labard.lahore@yahoo.com, info@labard.com.pk
All donations are exempted from Income Tax

Under Patronage:
The Lahore Chamber of Commerce & Industry

HAMMAD

HAMMAD ENGINEERING Co. (PVT.) LTD.

Transforming efforts into progress

WAPDA/MES APPROVED

Manufacturers Of
Power & Distribution Transformers

Pakistan's First Transformer Testing Laboratory
Accredited by
Pakistan National Accreditation Council (PNAC)
ISO 17025: 2005

Product Range: 1 KVA to 10 MVA (Voltage upto 33 KV)

Distribution Transformers, Step Down or Step Up
Power Transformers, Step Down or Step Up
Rectifier Transformers, including 1-Ph, 3-Ph
Pad Mounted Transformers
Customized Transformers
Chokes/ Reactors, 6, 12 & 24 Pulse
Furnace Transformers
Auto Transformers

OUR CLIENTS

Steel Industries
Sugar Industries
Textile Industries
Glass Industries
Housing Schemes
Builders
MES
LESCO
MEPCO
IESCO
FESCO
GEPCO
PESCO
QESCO

ISO 9001: 2008 - ISO 14001: 2004 - OHSAS 18001: 2007

19- Km, Multan Road, Lahore Tel: 042-37510463 Mob: 0321-4523277
Fax: 042-37510924 www.hammadengineering.com Info@hammadengineering.com

HIRE THE BEST

ROZEE.PKکرے پیشہ ورانہ ماہرین کی تلاش آسان اور آپ کو فراہم کرے 50 لاکھ سے زائد امیدواروں تک فوری رسائی

ROZEE.PK کی مدد سےامیدوار تلاش کرنے کا طریقہ:

(1) hiring.rozee.pk پر اپنا ایمپلائر اکاؤنٹ بنائیے اور بلا معاوضہ ضرورت مِلازمت کا اشتہار شائع کیجئے

(2) گوگل پلے اسٹور یا ایپل اسٹور سے ROZEE ایمپلائر ایپ ڈاؤن لوڈ کیجئے

(3) ہم سے رابطہ کرنے کے لیے ملائیے (042)111-562-562



ANDROID APP ON Google play

Available on the App Store

PAKISTAN'S #1 JOB SITE

rozee.pk™